SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
May 19, 2021

## SECP – Harnessing Capital Market for Women Empowerment

ISLAMABAD, May 19: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), has released guidelines for the issuance of Gender Bonds to increase financial inclusion of women and encourage female entrepreneurship.

The guidelines, issued in pursuant to Section 172 of the Securities Act, 2015, aim to facilitate companies and issuers of debt securities to diversify their source of financing and provide an additional financial instrument to a particular class of investors. As a step towards promotion of gender equality – the issuance of gender bonds will improve women access to leadership positions and gender-positive corporate policies.

As per the gender bond guidelines, all issuers who are eligible to issue debt securities, including sukuk bonds, either by way of public offer or private placement are eligible to issue Gender Bonds, as long as ensuring compliance with the applicable regulatory framework. The amount of funds raised from the issuance of gender bonds shall be utilized to finance projects related to women uplift and economic empowerment such as, access to finance/credit; micro, small and medium-sized enterprise development; agriculture development; financial literacy and entrepreneurship training, disaster risk management; housing for low income segment of women etc. Like other debt instruments, such as green, social and sustainability bonds, a gender bond can have any type of financial structure as a general bond, a project bond or a securitization scheme.

Gender bonds are a relatively recent development and still a nascent in the field of finance. Internationally Gender-labelled bonds have been issued by a variety of entities, ranging from large commercial banks, to NGOs, to multilateral development banks. Most gender bonds issued have relied on the Institute of Capital Market Association (ICMA)'s Social Bond Principles, the UN's Sustainable Development Goals (SDGs) or the UN Women's Empowerment Principles as reference standards.
The gender bond guidelines are available at SECPs website at https://www.secp.gov.pk/laws/guidelines/

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

خواتین کی مالیاتی شمولیت کے فروغ کے پیش نظر جینڈر بانڈز کے اجراء کی گائیڈلائنز جاری

اسلام آباد(مئی 19): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے، صنفی مساوات کے فروغ کی جانب اہم قدم اٹھاتے ہوئے، کیپیٹل مارکیٹ میں جینڈر بانڈز (Gender Bonds) کے اجراء کے لئے گائیڈلائنز جاری کر دیں ہیں۔

سکیورٹیز ایکٹ 2015 کی دفعہ 172 کے تحت جاری کردہ گائیڈلائنز کا مقصد کمپنیوں/ڈیٹ سکیورٹیز کے اجراء کنندگان کو فنانسنگ کے نئے وسائل اور مارکیٹ میں دستیاب پراڈکٹ میں تنوع لانے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع فراہم کرنا ہے۔ جینڈر بانڈز کے اجراء سے خواتین کی مالیاتی شمولیت میں اضافہ ہوگا، انہیں کارپوریٹ سیکٹر میں رسائی حاصل ہوگی اور صنفی مساوات کے لئے کارپوریٹ اداروں میں مثبت پالیسیوں کا رجحان پیدا ہوگا۔ اس خصوصی بانڈ کے ذریعے کمپنیاں یا ادارے خواتین کی معاشی بہتری کے منصوبوں کے لئے فنڈز اکٹھا کر سکیں گے۔

ایس ای سی پی کی جاری کردہ گائیڈلائنز کے مطابق، وہ تمام اجراء کنندگان جو کہ ڈیٹ سکیورٹیز بشمول سکوک بانڈز کے اجراء کے لئے اہل ہیں، ان گائیڈلائنز اور اجراء کے شرائط و ضوابط پر عمل درآمد کرتے ہوئے، جینڈر بانڈز کا اجراء کر سکتے ہیں۔ یہ وضاحت ضروری ہے کہ جینڈر بانڈز کے اجراء سے حاصل کئے گئے فنڈز کو صرف خواتین کی معاشی ترقی اور فلاح و بہبود جیسے کہ چھوٹے اور درمیانہ درجہ کے کاروبار کے لیے چھوٹے قرضوں، تکنیکی یا پیشہ وارانہ تربیت، زرعی قرضوں یا خواتین کی بہتری کے لئے دیگر منصوبوں کے لئے ہی استعمال کی جاسکتی ہے۔ جینڈر بانڈز بھی کیپٹل مارکیٹ کے دیگر ڈیٹ انسٹرومینٹ جیسے کہ پروجیکٹ بانڈ یا سیکیورٹائزیشن سکیم کی طرح کے ہو سکتے ہیں۔

مالیاتی شعبہ میں جینڈر بانڈز کا اجراء نسبتاً ایک نیا تصور ہے۔ عالمی ساکھ کے حامل جینڈرز بانڈز کمرشل بینکوں، غیر سرکاری تنظیموں، کثیر الجہتی ترقیاتی بینکوں کی جانب سے جاری کیے گئے ہیں جو کہ زیادہ تر انسٹیٹیوٹ آف کیپٹل مارکیٹ ایسوسی ایشن (آئی سی ایم اے) کے سوشل بانڈز کے اصولوں، اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف (ایس ڈی جی) کے اصولوں پر مشتمل ہیں۔ جینڈر بانڈ سے متعلق رہنما اصول ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں
https://www.secp.gov.pk/laws/guidelines/